© rasailojaraid.com



# نقد و نظر

## تصوّفِ اسلام

تالیف : مولانا عبدالماجد دریا بادی

ناشر : المعارف - گنج بخش روڈ - لاہور

کاغذ، کتابت، طباعت، جلد سرورق عمدہ -

صفحات : ۱۵۸ - سائز ۱۸×۲۳ - قیمت : دس روپے -

زیرِ تبصرہ کتاب کے مؤلف مولانا عبدالماجد دریابادی برصغیر پاک و ہند کی مشہور شخصیت ہیں۔ ان میں بیک وقت کئی خوبیاں جمع ہیں - وہ مفسر قرآن بھی ہیں اور نامور محقق بھی، صاحبِ طرز ادیب بھی ہیں اور ممتاز صحافی بھی، اونچے درجے کے مصنف بھی ہیں اور دلدادۂ تصوّف بھی، بہترین نقاد بھی ہیں اور فلسفی بھی - پیشِ نظر کتاب ان کے تعلقِ تصوف اور محبت بصوفیائے کرام کا عمدہ ترین اظہار ہے - اس میں اسلامی تصوف کے صحیح خدوخال اجاگر کیے گئے ہیں اور نو۹ قدیم اور مشہور صوفیائے کرام کی نو۹ قدیم کتابوں کا خلاصہ کتاب میں پیش کیا گیا ہے - شیخ ابوالنصر سراجؒ کی کتاب اللمع، شیخ علی بن عثمان ہجویریؒ کی کشف المحجوب، شیخ ابوالقاسم قشیریؒ کا رسالہ القشیریہ، شیخ عبدالقادرؒ جیلانی کی فتوح الغیب، شیخ شہاب الدین سہروردیؒ کی عوارف المعارف، سلطان المشائخ خواجہ نظام الدین اولیا دہلویؒ کی فوائدالفواد، شیخ فریدالدین عطارؒ کی منطق الطیر، مولانا عبدالرحمان جامیؒ کی لوائح اور شیخ احمد واسطیؒ کی فقر محمدی کی تلخیص انہی کے الفاظ میں کی گئی ہے - کتاب پڑھتے وقت یوں معلوم ہوتا ہے کہ قاری بزرگانِ دین کی صحبت و رفاقت میں سلوک و تصوف کی دلنواز اور روح پرور وادیوں میں محوِ خرام ہے اور پورے ذوق و شوق سے اس سلسلے کی منزلیں طے کر رہا ہے -

اس کتاب سے یہ حقیقت واضح ہو جاتی ہے کہ صحیح تصوّف عین اسلام ہے اور اس میں وہی روح کارفرما ہے جو شریعتِ اسلامی کا مطلوبِ اصلی ہے - ہم اپنے قارئین سے سفارش

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کریں گے کہ وہ اس کتاب کو اپنے مطالعہ میں لائیں اور اس سے روحانی اور معنوی غذا حاصل کریں۔

## شمائلِ رسول (صلی اللہ علیہ وسلم)

تالیف: شیخ یوسف بن اسماعیل نبہانی ــــ ترجمہ: محمد میاں صدیقی

ناشر: مکتبہ: المعارف ـ گنج بخش روڈ، لاہور ــــ صفحات: ۱۲۰ ـ قیمت: چھ روپے

شمائلِ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کتبِ احادیث و سیر کا ایک نہایت اہم، جاذبِ توجہ اور دلکش باب ہے۔ مختلف محدثین نے انتہائی عمدہ الفاظ میں اپنی تصانیف میں سراپائے رسولِ خدا کا حسین و جمیل مرقع پیش کیا ہے۔ ایک قاری جب اس مقام پہ پہنچتا ہے تو اس پیکرِ محبوبی علیہ الف الف تحیۃ و سلام کی پوری تصویر بلا تامل آنکھوں کے سامنے گھومنے لگتی ہے۔ زیرِ نظر کتاب اسی عظیم الشان موضوع کو اپنے دامنِ صفحات میں سموئے ہوئے ہے۔ بلکہ واقعہ یہ ہے کہ یہ کتاب اس عنوان سے متعلق کتابوں پر ایک ایسا قابلِ قدر اضافہ ہے جو حضور فداہ ابی و امی کی حیاتِ طیبہ کے تمام گوشوں کی بہترین اسلوب سے وضاحت کناں ہے۔ مصنف نے اس کو جیطۂ تحریر میں لا کر، مترجم نے اس کو اردو کے قالب میں ڈھال کر اور مکتبہ المعارف نے اس کو شائع کر کے ایک عظیم دینی خدمت انجام دی ہے۔ پھر ترجمہ میں زبان کی حسن و شگفتگی اور سلاست کے ساتھ ساتھ فاضل مترجم کا اخلاص اور اس موضوع سے ان کا قلبی لگاؤ بھی شامل ہے، جو قاری کے قلب و ذہن کو اپنی طرف کھینچتا ہے۔

کتاب آٹھ ابواب میں منقسم ہے۔ پہلے باب میں آنحضرت کے حسب و نسب اور آپ کے اسمائے گرامی کی وضاحت کی گئی ہے۔ دوسرے میں آپ کے حلیۂ مبارک کے بارے میں معلومات مہیا کی گئی ہیں۔ تیسرے میں آپ کے لباس، ہتھیار اور اس ضمن کے بعض دوسرے امور کی صراحت کی گئی ہے۔ چوتھے میں کھانے پینے اور سونے وغیرہ کے بارے میں آپ کے روزانہ کے معمولات بیان کیے گئے ہیں۔ پانچواں باب حضورؐ کے پاکیزہ اخلاق و عادات پر مشتمل ہے۔ چھٹا باب عبادات اور اذکار و اشغال پر مشتمل ہے۔ ساتواں آپ کے مختلف احوالِ زندگی، ادعیہ اور پند و نصائح کو محیط ہے، اور آٹھواں، علاج، آپ کی عمر مبارک، مرض الوفات اور آپ کے وصال کے کوائف کی تفصیلات کو محتوی ہے۔

غرض کثرتِ معلومات، حسنِ مواد اور تنوع کے اعتبار سے کتاب اس لائق ہے کہ ہر شخص کے

© rasailojaraid.com